مانسہرا آڈیشن کا نصاب

سوال:اسمائے حسنیٰ سے کیا مراد ہے؟

جواب)اسمائے حسنیٰ سے مراد اللہ عزوجل کے وہ نام ہیں جن سے اللہ عزوجل کو پکارنے کا حکم دیا گیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں،ص 13)

سوال:اسمائے حسنیٰ کتنے ہیں؟

جواب)اسمائے حسنیٰ ہیں تو بہت زیادہ مگر مشہور 99 ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں،ص 13)

سوال:اسمائے حسنیٰ کی کوئی فضیلت بتائیں؟

جواب)ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے:اللہ عزوجل کے ننانوے(99)اسمائے حسنیٰ ہیں جس نے یہ شمار کئے(یعنی یاد کرلئے)وہ جنت میں داخل ہوگا۔(اسلام کی بنیادی باتیں،ص 13)

سوال:کیا یہ اسمائے حسنیٰ قرآن مجید میں بھی ہیں؟

جواب)جی ہاں!اللہ عزوجل کے یہ ذاتی وصفاتی نام قرآن کریم کی مختلف سورتوں میں موجود ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں،ص 13)

سوال:وہ کونسا درود شریف ہے جس کے پڑھنے سے کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے گناہ معاف ہوجاتے ہیں؟

جواب)اللھم صل علیٰ سیدنا و مولانا محمد و علیٰ اٰلہ وسلم(اسلام کی بنیادی باتیں،ص 17)

سوال:وہ کونسا درود شریف ہے جس کے پڑھنے سے رحمت کے ستر(70)دروازے کھول دئے جاتے ہیں؟

جواب)صلی اللہ علیٰ محمد(اسلام کی بنیادی باتیں،ص 18)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:وہ کونسا درود شریف ہے جس کے ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے؟

جواب)اللھم صل علی سیدنا محمد عدد مافی علم اللہ صلاۃ دائمۃ بدوام ملک اللہ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص18)

سوال:وہ کونسا درود شریف ہے جس کے پڑھنے سے سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا قرب نصیب ہوتا ہے؟

جواب)اللھم صل علی محمد کما تحب وترضیٰ لہ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص18)

سوال:وہ کونسا درود شریف ہے جس کے پڑھنے سے موت اور قبر میں داخل ہوتے سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گی؟

جواب)اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا محمدن النبی الامی الحبیب العالی القدر العظیم الجاہ وعلیٰ الہ وصحبہ وسلم (اسلام کی بنیادی باتیں، ص17)

سوال:حافظہ مضبوط کرنے کی دعاسنائیں؟

جواب)اللھم افتح علینا حکمتک وانشر علینا رحمتک یاذالجلالِ والاکرام (اسلام کی بنیادی باتیں، ص19)

سوال:ضروریات دین کے منکر کا حکم کیا ہے؟

جواب)ضروریات دین کا منکر بلکہ ان میں ادنیٰ شک کرنیوالا بالیقین کافر ہوتا ہے ایسا کہ جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص30)

سوال:ہر شی کا خالق کون ہے؟

جواب)ہر شی کا خالق اللہ عزوجل ہی ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص33)

سوال:توحید سے کیا مراد ہے؟

جواب)توحید سے مراد اللہ عزوجل کی وحدانیت کو ماننا ہے یعنی اللہ عزوجل ایک ہے اور کوئی بھی اس کا شریک نہیں ،نہ ذات میں نہ صفات میں،نہ اسماء(یعنی ناموں) میں،نہ افعال(کاموں) میں اور نہ ہی احکام میں۔(اسلام کی بنیادی

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

باتیں، ص34)

سوال: قرآن کریم میں کتنے نبیوں اور رسولوں کے نام موجود ہیں؟

جواب)قرآن کریم میں26نبیوں اور رسولوں کے نام موجود ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص37)

سوال: قرآن مجید میں حضرت آدم علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب)حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 25بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص37)

سوال: قرآن مجید میں حضرت نوح علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب)حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 43بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص37)

سوال: نبی کسے کہتے ہیں؟

جواب)جس انسان کو اللہ عزوجل نے مخلوق کی ہدایت کیلئے بھیجا ہو اسے نبی کہتے ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص37)

سوال:رسول کسے کہتے ہیں؟

جواب)نبیوں میں سے جو اللہ عزوجل کی طرف سے کوئی نئی آسمانی کتاب اور نئی شریعت لے کر آئے وہ رسول کہلاتے ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص37)

سوال:سب سے پہلے اور آخری پیغمبر کا نام بتائیں؟

جواب)سب سے پہلے پیغمبر حضرت سیدنا آدم علیہ السلام ہیں اور سب سے آخری پیغمبر حضرت سیدنا محمد مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص37)

سوال: قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب)حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 69بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: قرآن مجید میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 12 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: قرآن مجید میں حضرت اسحٰق علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا اسحٰق علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 17 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: قرآن مجید میں حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا یعقوب علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 16 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: وہ کون سے چار جلیل القدر انبیائے کرام ہیں جن کا تذکرہ پارہ ایک سورۃ بقرۃ کی آیت نمبر 40 میں آیا؟

جواب)(1) ابراہیم (2) اسمٰعیل (3) اسحٰق (4) یعقوب علیہم السلام

سوال: قرآن مجید میں حضرت یوسف علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 27 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: قرآن مجید میں حضرت داؤد علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 16 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: قرآن مجید میں حضرت سلیمان علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 17 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: قرآن مجید میں حضرت ایوب علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا ایوب علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 4 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا نامِ مبارک قرآن مجید میں 136 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: قرآن مجید میں حضرت ہارون علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا ہارون علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 20 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص38)

سوال: قرآن مجید میں حضرت یسع علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا یسع علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 2 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال: قرآن مجید میں حضرت یونس علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا یونس علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 4 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال: قرآن مجید میں حضرت لوط علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا لوط علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 27 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال: قرآن مجید میں حضرت ادریس علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا ادریس علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 2 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال: قرآن مجید میں حضرت صالح علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا صالح علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 9 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال: قرآن مجید میں حضرت ہود علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا ہود علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 7 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال: قرآن مجید میں حضرت شعیب علیہ السلام کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) حضرت سیدنا شعیب علیہ السلام کا نام مبارک قرآن مجید میں 11 بار آیا ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال: قرآن مجید میں ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نام کتنی بار آیا؟

جواب) ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک محمد قرآن مجید میں 4 بار آیا ہے اور احمد ایک بار آیا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص39)

سوال:اللہ عزو جل نے پیغمبروں اور رسولوں کو دنیا میں کیوں بھیجا؟

جواب)اللہ عزو جل نے پیغمبروں اور رسولوں کو دنیا میں بھیجا تا کہ وہ اللہ عزو جل کے احکام اس کی مخلوق تک پہنچائیں اور بندے ان پر عمل کر کے ہدایت و نجات کی راہ پائیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص40)

سوال: تبلیغ سے کیا مراد ہے؟

جواب) تبلیغ سے مراد ہے اللہ عزو جل کے احکام کو لوگوں تک پہنچانا۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص 41)

سوال: کیا رسولوں کے پاس اپنی رسالت کی کوئی دلیل ہوتی ہے؟

جواب) جی ہاں ! رسولوں کے پاس اپنی رسالت کی دلیل ہوتی ہے اور اسے معجزہ کہتے ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں ، ص41)

سوال: معصوم کسے کہتے ہیں؟

جواب) معصوم وہ شخص ہوتا ہے جن سے کوئی گناہ ممکن نہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص43)

سوال: کیا نبیوں اور رسولوں کے علاوہ بھی کوئی گناہ سے محفوظ ہے؟

جواب) جی ہاں ! نبیوں اور رسولوں کے علاوہ فرشتے بھی گناہوں سے محفوظ ہوتے ہیں۔ کسی نبی اور فرشتے کے سوا کوئی معصوم نہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص43)

سوال: مرتبے کے لحاظ سے سب سے افضل پانچ نبیوں کے نامِ مبارک بتائیے؟

جواب) سب سے افضل و اعلیٰ ہمارے میٹھے میٹھے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد سب سے بڑا مرتبہ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا ہے پھر حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا ہے، پھر سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کا درجہ ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص44)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: صحیفے کسے کہتے ہیں؟

جواب) مخلوق کی ہدایت کیلئے اللہ تعالیٰ کی اتاری ہوئی چھوٹی چھوٹی کتابیں یا ورق جو قرآن شریف سے پہلے اتارے گئے، انہیں صحیفے کہتے ہیں۔ ان صحیفوں میں اچھی اچھی مفید نصیحتیں اور کار آمد باتیں ہوتی تھیں۔ (ہمارا اسلام، ص 49)

سوال: توریت شریف اللہ عزوجل نے کس نبی علیہ السلام پر نازل فرمائی؟

جواب) توریت حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمائی۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص 50)

سوال: زبور شریف اللہ عزوجل نے کس نبی علیہ السلام پر نازل فرمائی؟

جواب) زبور حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام پر نازل فرمائی۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص 51)

سوال: انجیل شریف اللہ عزوجل نے کس نبی علیہ السلام پر نازل فرمائی؟

جواب) انجیل حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمائی۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص 51)

سوال: قرآنِ مجید اللہ عزوجل نے کس نبی علیہ السلام پر نازل فرمایا؟

جواب) قرآنِ مجید ہمارے پیارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص 51)

سوال: چار مشہور آسمانی کتابیں کن زبانوں میں نازل ہوئیں؟

جواب) ان چاروں میں سے توراۃ اور زبور عبرانی زبان میں، انجیل سریانی زبان میں اور قرآن کریم عربی زبان میں نازل ہوا۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص 51)

سوال: اگر کوئی ان صحیفوں یا کتابوں میں سے کسی ایک کو نہ مانے تو اس پر کیا حکم نافذ ہو گا؟

جواب) اگر کوئی ان صحیفوں یا کتابوں میں سے کسی ایک کو نہ مانے تو اس پر کفر کا حکم نافذ ہو گا کیونکہ کسی بھی آسمانی

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کتاب یا صحیفے کا انکار کرنا کفر ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص52)

سوال: کیا اللہ عزوجل نے جتنے صحیفے اور کتابیں نازل فرمائیں، سب پر ایمان لانا ضروری ہے؟

جواب)جی ہاں! اللہ عزوجل نے جتنے صحیفے اور کتابیں نازل فرمائیں سب حق ہیں اور سب اللہ عزوجل کا کلام ہیں، ان کتابوں میں جو کچھ ارشادِ خداوندی ہوا سب پر ایمان لانا اور ان کو سچ ماننا ضروری ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص52)

سوال: کیا ہم پر تمام آسمانی کتابوں اور صحیفوں میں نازل کردہ احکامات پر عمل کرنا لازم ہے؟

جواب)جی نہیں! ہم پر تمام آسمانی کتابوں اور صحیفوں میں نازل کردہ احکامات پر عمل کرنا لازم نہیں بلکہ ہم پر صرف قرآن کریم کے احکامات پر عمل کرنا فرض ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص52)

سوال: قرآن مجید میں کل کتنے پارے اور سورتیں ہیں؟

جواب) قرآن مجید میں کل 30 پارے اور 114 سورتیں ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص53)

سوال: قرآن پاک کی کون سی آیت سب سے پہلے نازل ہوئی؟

جواب)سب سے پہلے سورۃ العلق کی یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی: اقرا باسم ربک الذی خلق(اسلام کی بنیادی باتیں، ص53)

سوال: قرآن مجید دیکھ کر پڑھنے اور زبانی پڑھنے میں کیا فرق ہے؟

جواب) قرآن مجید دیکھ کر پڑھنا زبانی پڑھنے سے افضل ہے کہ یہ پڑھنا بھی ہے اور دیکھنا بھی اور ہاتھ سے چھونا بھی اور یہ سب کام عبادت ہیں۔

(اسلام کی بنیادی باتیں، ص55)

سوال: کیا قرآن مجید کو بے وضو پڑھ سکتے ہیں؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب)جی ہاں! قرآن مجید کو بے وضو پڑھ سکتے ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص55)

سوال:کیا قرآن مجید کو بے وضو چھو بھی سکتے ہیں؟

جواب)جی نہیں! قرآن مجید کو بے وضو چھونا حرام ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص55)

سوال:کم عرصہ میں حفظ کرنیوالے چند بزرگانِ دین رحمھم اللہ المبین کے نام بتایئے اور یہ بھی بتایئے کہ انہوں نے کتنے عرصے میں حفظ کیا؟

جواب)کم عرصے میں حفظ کرنیوالے چند بزرگانِ دین رحمھم اللہ المبین کے نام یہ ہیں:

1:حضرت سیدنا امام محمد علیہ رحمۃ اللہ الصمد نے سات دن میں حفظ کیا۔

2:سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن نے ایک ماہ میں حفظ کیا۔

3:حضرت سیدنا محمد معصوم نقشبندی علیہ رحمۃ اللہ القوی نے 3 ماہ میں حفظ کیا۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص56)

سوال:سات مشہور قراء صحابہ کرام علیھم الرضوان کے نام بتائیں؟

جواب)سات مشہور قراء صحابہ کرام علیھم الرضوان کے نام یہ ہیں:

1:امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

2:امیر المؤمنین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم

3:حضرت سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

4:حضرت سیدنا زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

5:حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

6:حضرت سیدنا ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ

7:حضرت سیدنا ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص56)

سوال586:قراءت سبعہ کے اماموں کے نام بیان کیجئے؟

جواب)قراءت سبعہ کے اماموں کے نام یہ ہیں:

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

1: حضرت سیدنا امام نافع علیہ رحمۃ اللہ الرافع
2: حضرت سیدنا امام ابن کثیر علیہ رحمۃ اللہ القدیر
3: حضرت سیدنا امام ابن عمرو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
4: حضرت سیدنا امام ابن عامر علیہ رحمۃ اللہ الغافر
5: حضرت سیدنا امام عاصم علیہ رحمۃ اللہ الحاکم
6: حضرت سیدنا امام حمزہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
7: حضرت سیدنا امام کسائی علیہ رحمۃ اللہ القوی (اسلام کی بنیادی باتیں، ص57)

سوال: امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تیار کردہ مصاحف (یعنی قرآن پاک) کی تعداد کتنی تھی؟

جواب) امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تیار کردہ مصاحف کی تعداد پانچ تھی۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص57)

سوال: ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟

جواب) ختم نبوت سے مراد یہ ماننا ہے کہ ہمارے آقا و مولیٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی ہیں۔ یعنی اللہ عزوجل نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پر سلسلہ نبوت کو ختم فرمادیا۔ حضور کے زمانہ میں یا اس کے بعد قیامت تک کوئی نیا نبی نہیں ہو سکتا۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص57)

سوال: جو شخص ختم نبوت کو نہ مانے اس کے متعلق شرعی حکم کیا ہے؟

جواب) جو شخص سرورِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں یا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی کو نبوت ملنے کا اعتقاد رکھے یا کسی نئے نبی کے آنے کو ممکن مانے وہ کافر ہے۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص57)

سوال: معراج شریف کب ہوئی؟

جواب) معراج شریف رجب المرجب کی 27ویں رات کو ہوئی۔ (اسلام کی بنیادی باتیں، ص60)

سوال: سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تمام جہانوں میں کس قسم کا تصرف فرماتے ہیں؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب)اللہ عزوجل نے سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو آسمان وزمین کے تمام خزانوں کی کنجیاں عطا فرما رکھی ہیں، اب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اللہ عزوجل کی تمام نعمتوں اور عطاؤں کو پوری کائنات میں تقسیم فرماتے ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص66)

سوال:ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا تعلق عرب کے کس خاندان سے تھا؟

جواب)ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا تعلق عرب کے مشہور ومعروف اور معزز اور محتشم خاندان قریش سے تھا۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص81)

سوال:ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کس نبی کی اولاد میں سے ہیں؟

جواب)ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اللہ عزوجل کے خلیل حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص81)

سوال:ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور اللہ عزوجل کے خلیل حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے درمیان کتنے واسطے(یعنی باپ دادا)ہیں؟

جواب):ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور اللہ عزوجل کے خلیل حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے درمیان22واسطے(یعنی باپ دادا)ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص81)

سوال:سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے چچا تھے؟

جواب)سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بارہ(12)چچا تھے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص82)

سوال:کیا سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سب چچا مسلمان ہو گئے تھے؟

جواب)جی نہیں!سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سب چچا مسلمان نہیں ہوئے تھے، بلکہ صرف دو چچا حضرت سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمان ہوئے تھے۔(اسلام کی بنیادی

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

باتیں، ص82)

سوال:ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن کی تعداد کتنی تھی؟

جواب)ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن کی تعداد گیارہ (11) تھی اور یہ سب امہات المؤمنین یعنی مؤمنین کی مائیں کہلاتی ہیں۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص82)

سوال:سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے شہزادے کتنے تھے؟ان کے نام بتایئے؟

جواب)آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تین(3)شہزادے تھے اور ان کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں:

(1)حضرت سیدنا قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ(2)حضرت سیدنا ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ(3)حضرت سیدنا عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(اسلام کی بنیادی باتیں، ص83)

سوال:نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے کس شہزادے کا لقب طیب وطاہر تھا؟

جواب)حضرت سیدنا عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، انہی کا لقب طیب وطاہر ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص83)

سوال:سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادیاں کتنی تھیں اور ان کے نام کیا تھے؟

جواب)آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی چار شہزادیاں تھیں اور ان کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

(1)حضرت سیدتنا زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا(2)حضرت سیدتنا رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا(3)حضرت سیدتنا ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا(4)حضرت سیدتنا فاطمہ االزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص83)

سوال:سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب)مردوں میں سب سے پہلے حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے،بچوں میں حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم نے اور عورتوں میں ام المؤمنین حضرت سیدتنا خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

قبول کیا۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص90)

سوال:اسلام کیلئے سب سے پہلے کس صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خون بہایا؟

جواب)اسلام کیلئے سب سے پہلے حضرت سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خون بہایا۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص90)

سوال:اسلام کے سب سے بڑے دشمن ابو جہل کو کس نے قتل کیا؟

جواب)اسلام کے سب سے بڑے دشمن ابو جہل کو حضرت سیدنا معاذ اور سیدنا معوِذ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے قتل کیا ۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص90)

سوال:امین الامۃ(امت کا امین) کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب)امین الامۃ حضرت سیدنا ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب ہے۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص90)

سوال:زیتون کے لئے کتنے انبیا کرام علیہم الصلوۃ والسلام نے برکت کی دعا فرمائی ہے؟

جواب:ستر انبیا کرام علیہم الصلوۃ والسلام نے برکت کی دعا فرمائی ہے۔(مدنی مذاکرہ، دسواں حصہ، ولی اللہ کی پہچان، ص32)

سوال:سیدتنا مریم رضی اللہ عنہا کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟

جواب:سیدتنا حَنَّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا(وقف مدینہ، ص4)

سوال:مریم کا مطلب کیا ہے؟

جواب:مریم کا مطلب عابدہ ہے۔(وقف مدینہ، ص6)

سوال:حضرت اورنگ زیب عالمگیر علیہ رحمۃ اللہ القدیر نے فتاوٰی عالمگیری لکھنے والے علما کو کتنا نذرانہ دیا تھا؟

جواب:حضرت اورنگ زیب عالمگیر علیہ رحمۃ اللہ القدیر نے جن علماء سے فتاوٰی عالمگیری لکھوایا انہیں 2 لاکھ روپے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

اور200 قرش سونا نذرانہ میں دیا۔(وقف مدینہ، ص10)

سوال:اصحاب صفہ کون تھے؟

جواب:مَسْجِدُ النَّبَوِیِّ الشَّرِیف عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں ایک صُفّہ (چبوترا) تھا، جہاں400،500 فُقراءِ مُہاجِرِین بیٹھا کرتے تھے،اِس لیے انہیں اَصحابِ صُفّہ کہتے ہیں۔(وقف مدینہ، ص15)

سوال:صدقہ و خیرات کن کو دینا افضل ہے؟

جواب:صدقہ و خیرات اُن غریب علماء، طلباء، مدرسین اور دِین کے خادِموں وغیرہ کو دینا افضل ہے جنہوں نے اپنی زندگیاں خدمتِ دین کے لئے وقف کر دی ہیں۔اگر ان کی خدمت نہ کی گئی اور یہ طلبِ معاش کے لئے مجبورًا مشغول ہوئے تو دینِ اسلام کا سخت نقصان ہو گا۔(وقف مدینہ، ص29)

سوال::سِنِ ہجری حجۃُالوداع کے موقع پر کم و بیش کتنے صحابہ کرام علیہم الرضوان میدانِ عرفات میں جمُع تھے؟

جواب:کم و بیش 1لاکھ24ہزار(وقف مدینہ، ص62)

سوال:اس وقت جنت البقیع کے قبرستان میں کتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آرام فرماہیں؟

جواب:اِس وقت مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً کے مشہور قبرستان جنّت البقیع میں ایک رِوایت کے مطابق تقریباً صرف10ہزار صحابہ کرام علیہم الرضوان آرام فرماہیں۔(وقف مدینہ، ص62)

سوال:باقی صحابہ کرام علیہم الرضوان کہاں تشریف لے گئے؟

جواب:ہر صحابی کو مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً سے پیار تھا مگر مدینے والے کا مدنی پیغام ساری دُنیا میں عام کرنے کے لئے یہ حضراتِ قُدسیہ ساری دُنیا میں پھیل گئے۔(وقف مدینہ، ص62)

سوال:جمعہ کا آغاز کب اور کہاں ہوا؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب: جمعہ کا آغاز سرکار دوجہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت سے پہلے مدینہ شریف میں ہوا۔(اسلام کی بنیادی باتیں، ص144)

سوال: مصیبت پر صبر کرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، تاجدارِ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "جس کے مال یا جان میں مصیبت آئی پھر اس نے اسے پوشیدہ رکھا اور لوگوں پر ظاہر نہ کیا تو اللہ عزوجل پر حق ہے کہ اس کی مغفرت فرمادے۔(تفسیر صراط الجنان، ج04، ص405)

سوال: گائے کا گوشت کھانا کیا سنت ابراہیمی ہے؟

جواب: گائے کا گوشت حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کے دستر خوان پر زیادہ آتا تھا اور آپ علیہ الصلوۃ والسلام اس کو پسند فرماتے تھے، گائے کا گوشت کھانے والے اگر سنتِ ابراہیمی ادا کرنے کی نیت کریں تو ثواب پائیں گے۔

(تفسیر صراط الجنان، ج04، ص464)

سوال: خواب کس سے بیان کرنا چاہئے؟

جواب: نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلمنے ارشاد فرمایا "اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے جب تم میں سے کوئی پسندیدہ خواب دیکھے تو اس کا ذکر صرف اسی سے کرے جو اس سے محبت رکھتا ہو اور اگر ایسا خواب دیکھے کہ جو اسے پسند نہ ہو تو اس کے شر سے اور شیطان کے شر سے اسے پناہ مانگنی چاہئے اور (اپنی بائیں طرف) تین مرتبہ تھتکار دے اور اس خواب کو کسی سے بیان نہ کرے تو وہ کوئی نقصان نہ دے گا۔(تفسیر صراط الجنان، ج04، ص526)

سوال: حدیث قدسی اور قرآن میں کیا فرق ہے؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب:حدیث قدسی اور قرآن میں فرق یہ ہے کہ حدیث قدسی خواب، الہام سے بھی حاصل ہوسکتی ہے۔ قرآن بیداری ہی میں آئے گا۔ نیز قرآن کے لفظ بھی رب کے ہیں، حدیث کا مضمون رب کا، الفاظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے۔(مرآۃ المناجیح، ج01، ص18)

سوال:حدیث قدسی کسے کہتے ہیں؟

جواب:حدیث قدسی وہ حدیث ہے جس کے راوی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوں اور نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو۔

(فضائل دعا، ص49)

سوال:ان صحابی رسول رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام بتائیں جو مدینے کے آخری صحابی ہیں؟

جواب:حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔(مرآۃ المناجیح، ج01، ص36)

سوال:حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار مبارک کہاں ہے؟

جواب:جنت البقیع میں(مرآۃ المناجیح، ج01، ص36)

سوال:صحابہ کے شیخین، محدثین کے شیخین فقہاء کے شیخین اور منطق کے شیخین سے کون سے افراد مراد ہیں؟

جواب:صحابہ کے شیخین ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ہیں، محدثین کے شیخین بخاری و مسلم، فقہاء کے شیخین امام ابوحنیفہ و ابویوسف رضی اللہ عنہم، منطق کے شیخین بوعلی سینا و فارابی ہیں۔(مرآۃ المناجیح، ج01، ص37)

سوال:حسد کسے کہتے ہیں؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب: کسی نعمت والے پر جلنا اور اس کی نعمت کا زوال، اپنے لیئے حصول چاہنا حسد ہے، جو بہت بڑا عیب ہے جس سے شیطان مارا گیا مگر دوسروں کی سی نعمت اپنے لیئے بھی چاہنا غبطہ (رشک) ہے حسد مطلقًا حرام ہے۔ (مرأۃ المناجیح، ج 01، ص 200)

سوال: مرض الموت میں خیرات کرنے کا کیا ثواب ملتا ہے؟

جواب: مرض الموت میں خیرات کرنے کا آدھا ثواب ہے کیونکہ اس وقت خود اپنے کو مال کی حاجت نہیں رہتی۔

(مرأۃ المناجیح، ج 01، ص 245)

سوال: کنجوس کن چیزوں کے قریب ہے اور کن چیزوں سے دور ہے؟

جواب: کنجوس اللہ سے دور ہے جنت سے دور ہے لوگوں سے دور ہے آگ کے قریب ہے اور یقینًا جاہل سخی کنجوس عابد سے افضل ہے۔

(مرأۃ المناجیح، ج 03، ص 95)

سوال: انسان کا اپنی زندگی (یعنی تندرستی) میں خیرات کرنا مرتے وقت (مرض الموت) میں خیرات کرنے سے کس قدر افضل ہے؟

جواب: روایت ہے حضرت ابو سعید خدری سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ انسان کا اپنی زندگی میں ایک درہم خیرات کرنا مرتے وقت سو خیرات کرنے سے بہتر ہے۔ (مرأۃ المناجیح، ج 03، ص 96)

سوال: مؤمن میں کون سی دو خصلتیں جمع نہیں ہوں سکتیں؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب:روایت ہے حضرت ابو سعید سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مؤمن میں دو خصلتیں کبھی جمع نہیں ہوتیں کنجوسی اور بد خلقی۔(مرآۃ المناجیح،ج03،ص98)

سوال:وہ کون ہے جو جنت میں نہیں جائے گا؟

جواب:روایت ہے حضرت ابو بکر صدیق سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت میں نہ تو فریبی آدمی جائے نہ کنجوس نہ احسان جتلانے والا۔(مرآۃ المناجیح،ج03،ص99)

سوال:اپنے گھر والوں پر ثواب کی خاطر خرچ کرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب:حضرت ابو مسعود سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب مسلمان اپنے گھر والوں پر ثواب کی طلب میں خرچ کرتا ہے تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوتا ہے.(مرآۃ المناجیح،ج03،ص156)

سوال:وہ کون سی سورت ہے جسے قرآن پاک کی زینت قرار دیا گیا ہے؟

جواب:روایت ہے حضرت علی سے فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ ہر چیز کی ایک زینت ہے اور قرآن کی زینت سورہ رحمن ہے۔(مرآۃ المناجیح،ج03،ص403)

سوال:جو ہر رات سورۂ واقعہ پڑھے اس کی کیا فضیلت ہے؟

جواب:حضرت ابن مسعود سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو ہر رات سورۂ واقعہ پڑھا کرے تو اسے فاقہ کبھی نہ ہوگا حضرت ابن مسعود اپنی لڑکیوں کو حکم دیتے تھے کہ ہر رات یہ پڑھا کریں۔(مرآۃ المناجیح،ج03،ص406)

سوال:وہ کونسی سورت ہے جس سے رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم محبت کیا کرتے تھے؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

روایت ہے حضرت علی سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سورۃ سے محبت کرتے تھے سبح اسم ربک الاعلی(مرآۃ المناجیح،ج03،ص407)

سوال:وہ کونسی سورت ہے جو ہزار آیتیں پڑھنے کے برابر ہے؟

جواب:روایت ہے حضرت ابن عمر سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تمہارا کوئی یہ کر سکتا کہ روزانہ ہزار آیتیں پڑھ لیا کرے لوگ بولے روزانہ ہزار آیتیں کون پڑھ سکتا ہے فرمایا کیا کوئی یہ نہیں کر سکتا الھکم التکاثر پڑھ لیا کرے۔

(مرآۃ المناجیح،ج03،ص409)

سوال:سورۃ الاخلاص پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب:روایت ہے حضرت سعید ابن مسیب سے ارسالًا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی کہ فرمایا جو قل ہو اللہ احد دس ۱۰ بار پڑھے اللہ اس کے لیے جنت میں محل تیار کرے گا اور جو بیس بار پڑھے اللہ اس کی برکت سے جنت میں دو محل بنائے گا اور جو اسے تیس بار پڑھے اللہ اس کی برکت سے جنت میں تین محل تیار کرے گا،حضرت عمر ابن الخطاب نے عرض کیا یارسول اللہ تب تو اللہ کی قسم ہم اپنے محل بہت بنوالیں گے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اس سے بھی زیادہ وسعت والا ہے۔(مرآۃ المناجیح،ج03،ص410)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کلام کا نصاب

پیشِ حق مژدہ شفاعت کا سُناتے جائیں گے

پیشِ حق مژدہ شفاعت کا سُناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

دل نکل جانے کی جا ہے آہ کن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کے لیے دریا بہاتے جائیں گے

کُشتگانِ گرمیِ محشر کو وہ جانِ مسیح
آج دامن کی ہوا دے کر جلاتے جائیں گے

گل کِھلے گا آج یہ اُن کی نسیمِ فیض سے
خون روتے آئیں گے ہم مسکراتے جائیں گے

ہاں چلو حسرت زدو سُنتے ہیں وہ دن آج ہے
تھی خبر جس کی کہ وہ جلوہ دِکھاتے جائیں گے

آج عیدِ عاشِقاں ہے گر خدا چاہے کہ وہ
ابروئے پیوستہ کا عالَم دِکھاتے جائیں گے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کچھ خبر بھی ہے فقیرو آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمتِ خلد اپنے صَدقے میں لُٹاتے جائیں گے

خاک اُفتادو بس اُن کے آنے ہی کی دیر ہے
خود وہ گر کر سجدہ میں تم کو اُٹھاتے جائیں گے

وُسعتیں دی ہیں خدا نے دامنِ محبوب کو
جرم کھلتے جائیں گے اور وہ چھپاتے جائیں گے

لو وہ آئے مسکراتے ہم اسیروں کی طرف
خرمنِ عِصیاں پر اب بجلی گراتے جائیں گے

آنکھ کھولو غمزدو دیکھو وہ گِریاں آئے ہیں
لوحِ دل سے نقشِ غم کو اب مِٹاتے جائیں گے

سوختہ جانوں پہ وہ پُر جوش رحمت آئے ہیں
آبِ کوثر سے لگی دِل کی بجھاتے جائیں گے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

آفتاب اُن کا ہی چمکے گا جب اَوروں کے چراغ
صرصرِ جوشِ بلا سے جھلملاتے جائیں گے

پائے کُوباں پُل سے گزریں گے تری آواز پر
رَبِّ سَلِّمْ کی صَدا پر وَجد لاتے جائیں گے

سرورِ دیں لیجے اپنے ناتوانوں کی خبر
نفس وشیطاں سیّدا کب تک دَباتے جائیں گے

حشر تک ڈالیں گے ہم پَیدائشِ مولیٰ کی دُھوم
مِثلِ فارِس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

خاک ہو جائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضاؔ
دَم میں جب تک دَم ہے ذِکر اُن کا سُناتے جائیں گے

❁❁❁❁❁

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

عرشِ حق ھے مسندِ رِفعت رسول اللّٰه کی

عرشِ حق ہے مسندِ رِفعت رسول اللّٰہ کی
دیکھنی ہے حشر میں عزّت رسول اللّٰہ کی

قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نُور کے
جلوہ فرما ہوگی جب طلعت رسول اللّٰہ کی

کافروں پر تیغِ والا سے گری برقِ غضب
اَبر آسا چھا گئی ہیبت رسول اللّٰہ کی

لَا وَرَبِّ الْعَرْش جس کو جو مِلا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللّٰہ کی

وہ جہنم میں گیا جو اُن سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللّٰہ کو حاجت رسول اللّٰہ کی

سُورج اُلٹے پاؤں پلٹے چاند اِشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللّٰہ کی

تجھ سے اور جنّت سے کیا مطلب وہابی دُور ہو
ہم رسول اللّٰہ کے جنّت رسول اللّٰہ کی

ذِکر روکے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے
پھر کہے مردک کہ ہوں امّت رسول اللّٰہ کی

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

نجدی اُس نے تجھ کو مہلت دی کہ اس عالم میں ہے
کافر و مرتد پہ بھی رحمت رسول اللّٰہ کی

ہم بھکاری وہ کریم اُن کا خدا اُن سے فزوں
اور نا کہنا نہیں عادت رسول اللّٰہ کی

اہلِ سنّت کا ہے بیڑا پار اَصحابِ حضور
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللّٰہ کی

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا مِلا
جان کی اِکسیر ہے اُلفت رسول اللّٰہ کی

ٹُوٹ جائیں گے گنہگاروں کے فوراً قید و بند
حشر کو کھل جائے گی طاقت رسول اللّٰہ کی

یاربّ اِک ساعت میں دُھل جائیں سیہ کاروں کے جرم
جوش میں آ جائے اب رحمت رسول اللّٰہ کی

ہے گُل باغ قُدس رُخسارِ زَیبائے حضور!
سروِ گلزارِ قدم قامت رسول اللّٰہ کی

اے رضا خود صاحبِ قرآں ہے مَدَّاحِ حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مِدحت رسول اللّٰہ کی

❀❀❀❀❀

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سَرور کہوں کہ مالک و مَولیٰ کہوں تجھے

سرور کہوں کہ مالک و مَولیٰ کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گُلِ زیبا کہوں تجھے

حرماں نصیب ہوں تجھے امید گہ کہوں
جانِ مراد و کانِ تمنّا کہوں تجھے

گلزارِ قدس کا گُلِ رنگیں ادا کہوں
دَرمانِ دَردِ بُلبُلِ شیدا کہوں تجھے

صبح وَطن پہ شامِ غریباں کو دُوں شَرَف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسمِ منوّر کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلّا کہوں تجھے

بے داغ لالہ یا قمر بے کلف کہوں
بے خار گلبنِ چمن آرا کہوں تجھے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

مجرم ہُوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیع روزِ جزا کا کہوں تجھے

اِس مُردہ دل کو مژدہ حیاتِ ابد کا دُوں
تاب و توانِ جانِ مسیحا کہوں تجھے

تیرے تو وَصف عیب تناہی سے ہیں بَرِی
حیراں ہُوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہہ لے گی سب کچھ اُن کے ثنا خواں کی خامُشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رؔضا نے ختمِ سخن اس پہ کر دیا
خالِق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

اُٹھا دو پردہ دِکھا دو چہرہ کہ نورِ باری حجاب میں ہے

اُٹھا دو پردہ دِکھا دو چہرہ کہ نُورِ باری حجاب میں ہے
زمانہ تاریک ہو رہا ہے کہ مہر کب سے نقاب میں ہے

نہیں وہ میٹھی نگاہ والا خدا کی رحمت ہے جلوہ فرما
غضب سے اُن کے خدا بچائے جلالِ باری عتاب میں ہے

جلی جلی بُو سے اُس کی پیدا ہے سوزشِ عشقِ چشم والا
کبابِ آہُو میں بھی نہ پایا مزہ جو دل کے کباب میں ہے

اُنہیں کی بُو مایۂ سمن ہے اُنہیں کا جلوہ چمن چمن ہے
اُنہیں سے گلشن مہک رہے ہیں اُنہیں کی رنگت گلاب میں ہے

تِری جلو میں ہے ماہِ طیبہ ہلال ہر مرگ و زندگی کا!
حیاتِ جاں کا رکاب میں ہے ممات اعدا کا ڈاب میں ہے

سیہ لباسانِ دارِ دنیا و سبز پوشانِ عرشِ اعلےٰ
ہر اِک ہے ان کے کرم کا پیاسا فیض اُن کی جناب میں ہے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

وہ گل ہیں لب ہائے نازک ان کے ہزاروں جھڑتے ہیں پھول جن سے
گلاب گلشن میں دیکھے بلبل یہ دیکھ گلشن گلاب میں ہے

جلی ہے سوز جگر سے جاں تک ہے طالب جلوۂ مُبارک
دکھا دو وہ لب کہ آب حیواں کا لطف جن کے خطاب میں ہے

کھڑے ہیں مُنکَر نکِیر سر پر نہ کوئی حامی نہ کوئی یاور!
بتا دو آ کر مِرے پیمبر کہ سخت مشکِل جواب میں ہے

خدائے قہّار ہے غضب پر کُھلے ہیں بدکاریوں کے دفتر
بچا لو آ کر شفیعِ محشر تمہارا بندہ عذاب میں ہے

کریم ایسا مِلا کہ جس کے کُھلے ہیں ہاتھ اور بھرے خزانے
بتاؤ اے مفلِسو! کہ پھر کیوں تمہارا دل اِضطراب میں ہے

گنہ کی تاریکیاں یہ چھائیں اُمنڈ کے کالی گھٹائیں آئیں
خدا کے خورشید مہر فرما کہ ذرّہ بس اِضطراب میں ہے

کریم اپنے کرم کا صدقہ لئیم بے قدر کو نہ شرما
تُو اور رضا سے حساب لینا رضا بھی کوئی حساب میں ہے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

مُژدہ باد اے عاصیو! شافع شہِ اَبرار ہے

مژدہ باد اے عاصیو! شافع شہِ اَبرار ہے
تہنیت اے مجرمو! ذاتِ خدا غفّار ہے

عرش سا فرشِ زمیں ہے فرشِ پا عرشِ بریں
کیا نرالی طرز کی نامِ خُدا رَفتار ہے

چاند شق ہو پیڑ بولیں جانور سجدے کریں
بَارَکَ اللہ مرجع عالم یہی سرکار ہے

جن کو سُوئے آسماں پھیلا کے جل تھل بھر دیئے
صَدقہ اُن ہاتھوں کا پیارے ہم کو بھی درکار ہے

لَب زُلالِ چَشمہ کُن میں گندھے وقت خمیر
مردے زندہ کرنا اے جاں تم کو کیا دُشوار ہے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

گورے گورے پاؤں چمکا دو خدا کے واسطے
نُور کا تڑکا ہو پیارے گور کی شب تار ہے

تیرے ہی دامن پہ ہر عاصی کی پڑتی ہے نظر
ایک جانِ بے خطا پر دو جہاں کا بار ہے

جوشِ طُوفاں بحرِ بے پایاں ہوا نا سازگار
نُوح کے مولیٰ کرم کر لے تو بیڑا پار ہے

رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِين تیری دُہائی دَب گیا
اب تو مولیٰ بے طرح سر پر گنہ کا بار ہے

حیرتیں ہیں آئینہ دارِ وفورِ وَصفِ گُل
اُن کے بلبل کی خموشی بھی لبِ اِظہار ہے

گُونج گُونج اُٹھے ہیں نغماتِ رضؔا سے بوستاں
کیوں نہ ہو کس پھول کی مدحت میں وَا مِنقار ہے

❁❁❁❁❁

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

یا مصطَفٰے عطا ہو اب اِذْن حاضِری کا

(اَلحمدُ لِلّٰہ ۳۰ شعبانُ المعظَّم ۱۴۱۴ھ کو یہ کلام قلمبند کیا گیا)

یا مصطَفٰے عطا ہو اب اِذْن، حاضِری کا   کرلوں نظارہ آکر میں آپ کی گلی کا
اِک بار تو دِکھا دو رَمضان میں مدینہ   بیشک بنالو آقا مہمان دو۲ گھڑی کا
روتا ہوا میں آؤں داغِ جگر دکھاؤں   افسانہ بھی سناؤں میں اپنی بیکسی کا
میں سبز سبز گنبد کی دیکھ لوں بَہاریں   اب اِذْن دیدو آقا تم مجھ کو حاضِری کا
مولیٰ غمِ مدینہ دیدے غمِ مدینہ   دیوانہ تُو بنا دے مجھ کو ترے نبی کا
خونِ جگر سے سِینچا ہے باغ سُنّیت کا   کردو کرم وَسیلہ اُس مَدَنی مُرشِدی کا
یاسیِّدِ مدینہ! بس آپ ہی نبھانا   گو ہوں بڑا کمینہ پر ہوں تو آپ ہی کا
یا مصطَفٰے! گُناہوں کی عادَتیں نکالو   جذبہ مجھے عطا ہو سنّت کی پَیروی کا
ہوں دُور اب بلائیں دیتا ہوں واسِطہ میں   مظلومِ کربلا کی سرکار! بیکسی کا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

اللہ! حُبِّ دنیا سے تُو مجھے بچانا سائل ہوں یاخدا میں عشقِ محمدی کا

فخرو غُرور سے تُو مولیٰ مجھے بچانا یارب! مجھے بنا دے پیکر تُو عاجزی کا

ایماں پہ ربِّ رَحمت دیدے تُو استِقامت دیتا ہوں واسِطہ میں تجھ کو ترے نبی کا

ہو ہر نَفَس[۱] مدینہ دھڑکن میں ہو مدینہ جب تک نہ سانس ٹوٹے سرکارِ زندگی کا

دنیا کے تاجدارو! تم سے مجھے غَرَض کیا! منگتا ہوں میں تو منگتا سرکار کی گلی کا

اللہ! اس سے پہلے ایماں پہ موت دیدے نقصاں مِرے سبب سے ہو سنّتِ نبی کا

اُلفت کی بھیک دیدو دیتا ہوں واسِطہ میں صِدّیق کا عمر کا عُثمان کا علی کا

کچھ نیکیاں کمالے جلد آخِرت بنالے کوئی نہیں بھروسا اے بھائی! زندگی کا

میزاں[۲] پہ سب کھڑے ہیں اعمال تُل رہے ہیں

رکھ لو بھرم خدارا! عطّارؔ قادِری کا

مـــدینہ

۱: سانس ۲: ترازو

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جس کو چاہا میٹھے مدینے کا اُس کو مہمان کیا

جس کو چاہا میٹھے مدینے کا اُس کو مہمان کیا
جس پر نظرِ کرم فرمائی اُس پر یہ اِحسان کیا

طالبِ دنیا نے تو طلب لندن ہے کیا جاپان کیا
دیوانوں نے حق سے طلب طیبہ کا ریگستان کیا

جن کا ستارا چمکا اُن کو طیبہ کا پیغام ملا
بختوروں نے در پر آ کر بخشش کا سامان کیا

شُکر ادا ہو کیونکر تیرا پیارے نبی کی اُمّت میں
مجھ سے نکمّے کو بھی پیدا تُو نے اے رحمٰن کیا

شاہِ مدینہ دین کی دولت اپنی الفت بھی دی اور
اپنی غُلامی مجھ کو عطا کی تُو نے بڑا اِحسان کیا

دورِ جہالت تھا ہر سُو جب کُفر کی ظُلمت چھائی تھی
تم نے حیوانوں جیسے لوگوں کو بھی انسان کیا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

حق کی راہ میں پتھّر کھائے خُوں میں نہائے طائف میں
دین کا کتنی محنت سے کام آپ نے اے سلطان کیا
جان کے دشمن خون کے پیاسوں کو بھی شہرِ مکّہ میں
عام مُعافی تم نے عطا کی کتنا بڑا اِحسان کیا
رونا مصیبت کا مت روتُو پیارے نبی کے دیوانے
کرب و بلا والے شہزادوں پر بھی تُو نے دھیان کیا
پیارے مُبَلِّغ! معمولی سی مشکِل پر گھبراتا ہے
دیکھ حُسین نے دین کی خاطِر سارا گھر قربان کیا
وہ دنیا کی رنگینی میں کھویا رہا برباد ہوا
جس نے عشقِ نبی سے دل کو خالی اور ویران کیا
شاہ کو یہ معراج کی شب کتنا اونچا اِعزاز ملا
آپ نے تو چشمانِ سر سے دیدارِ رحمٰن کیا
آہ! مقدّر عرصہ ہوا عطّار مدینے جا نہ سکا
ہائے! اِسے حالات نے جکڑا یوں خونِ ارمان کیا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.